گورنر KATHY HOCHUL | فوری ریلیز کے لیے: 5/4/2024

گورنر HOCHUL نے محکمہ تحفظ ماحولیات (DEPARTMENT OF ENVIRONMENTAL CONSERVATION) کو ہدایات جاری کر دیں کہ وہ NORTHROP GRUMMAN کو جوابدہ ٹھہرانے کے لیے وفاقی، ریاست اور مقامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرے

بیتھ پیج کمیونٹی پارک میں پائے جانے والے من بند ڈرموں سے عوام کی صحت اور حفاظت کو کوئی فوری خطرہ لاحق نہیں ہے

مزید زیر زمین ڈرموں کا سراغ لگانے اور شناخت کے لیے ریڈار ٹیسٹنگ کا عمل جاری ہے

عرصہ دراز سے پھیلائی جانے والی آلودگی کی تحقیقات اور صفائی کرنا ریاست نیویارک کی اولین ترجیح ہے

گورنر HOCHUL نے آج محکمہ تحفظ ماحولیات کو ہدایات جاری کر دیں کہ وہ سابق بال فیلڈ کے نیچے ایک احاطے میں چھ 55 گیلن والے ڈرموں کی حالیہ دریافت کے بعد بیتھ پیج کمیونٹی پارک کی جاری صفائی کے لیے NORTHROP GRUMMAN کو جوابدہ ٹھہرانے کے لیے وفاقی، ریاست اور مقامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کرے۔ DEC کی سخت نگرانی کے تحت، یہ کارروائیاں Grumman کے بیتھپیج کارخانے اور U.S. Naval Weapons Industrial Reserve پلانٹ کے تاریخی آپریشنز سے وابستہ U.S. Navy-Grumman زمینی پانی کی جامع تحقیقات، روک تھام اور صفائی کے کام کو آگے بڑھانے کے لئے جاری و ساری ہیں۔ یہ منہ بند ڈرم اویسٹر بے ٹاؤن میں بال فیلڈ ایریا کی جاری صفائی کے دوران ملے تھے۔

"جب عرصہ دراز سے پیدا ہونے والی آلودگی سے نمٹنے کی بات آتی ہے تو نیویارک ایک قومی رہنما ہے، اور ہم بیتھ پیج کمیونٹی پارک کو صاف کرنے اور اویسٹر بے کے رہائشیوں کی حفاظت کے لیے بڑے پیمانے پر کی جانے والی کوششوں کو جاری و ساری رکھے ہوئے ہیں۔" **گورنر Hochul نے کہا۔** "میں DEC کو ہدایاتجاری کر رہی ہوں کہ وہ نیو یارک باسیوں کو ذہنی اطمینان فراہم کرنے کے لیے صفائی ستھرائی کی کوششوں کو وسعت دینے کے لیے شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کریں اور ہم ان کے پینے کے پانی کی حفاظت بھی جاری رکھیں گے اور آلودگی پھیلانے والوں کو جوابدہ بھی ٹھہرائیں گے۔"

گورنر Hochul کی ہدایت پر، DEC نے Northrop Grumman سے کہا ہے کہ وہ پہلے سے جاری کوششوں کو مزید تیز کریں اور کچھ متعینہ علاقوں میں مزید صفائی کروائیں جہاں تعمیراتی یا بنیادی ڈھانچے سے متعلقہ مزید سرگرمیاں ہونے کا امکان ہے۔ Northrop Grumman نے اس سے قبل بال فیلڈ کی اوپری دو فٹ مٹی کو ہٹانے اور اسے ایسی صاف ستھری مٹی سے تبدیل کروانے کا وعدہ کیا تھا جو کھیل کے میدانوں کے لیے صفائی کے مقررہ معیار پر پوری اترے۔

PCB سے آلودہ ہونے والی مٹی کی صفائی کے منصوبے کے ایک جزو کے طور پر، DEC نے Northrop Grumman سے یہ مطالبہ بھی کیا ہے کہ وہ اس پوری آلودہ مٹی کو کسی لائسنس یافتہ ڈسپوزل سہولت پر ٹھکانے لگانے کے بجائے اس مواد کو کھدائی کے گہرے حصوں میں بیک فل کے طور پر استعمال کرے، جیسا کہ پہلے منصوبے میں نشاندہی کی گئی تھی۔

پراجیکٹ کو آگے بڑھنے میں مدد کرنے کے لیے DEC نے Northrop Grumman سے ایک تفصیلی شیڈول تیار کرنے کا مطالبہ بھی کیا ہے جس میں کام کی ٹائم لائنز اور دائرہ کار کی پابندی نہ کرنے پر جرمانے مقرر کیے گئے ہوں۔

ریاستِ نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر Basil Seggos نے کہا، "ہم Navy-Grumman کے زیر زمین پانی کو مکمل طور پر برقرار رکھنے اور صاف کرنے کی کوششوں کو برقرار رکھنے کے لیے ریاست نیو یارک کے ساتھ کام کرنے کے لئے پُرعزم ہیں۔ یہ کام ریاست نیو یارک کی ایک اولین ترجیح ہے اور آج ہم آلودگی پھیلانے والوں کو ایک طاقتور پیغام بھیجنے کے لیے گورنر Hochul کے ساتھ کھڑے ہیں کہ انہیں ماحولیات اور ہماری کمیونٹیز کو پہنچنے والے نقصان کے لیے جوابدہ ٹھہرایا جائے گا۔"

مارچ 2024 کے آخر میں بیتھ پیج کمیونٹی پارک کے بال فیلڈ ایریا کے نیچے کنکریٹ سے منہ بند چھ 55 گیلن والے ڈرموں کی دریافت کے ردعمل میں DEC ریاستی، وفاقی اور مقامی شراکت داروں کے ساتھ مل کر کام کر رہا ہے تاکہ یہ امر یقینی بنایا جا سکے کہ اس مواد کا محفوظ طریقے سے جائزہ لینے کے لیے اقدامات کیے جائیں اور کنٹینرز اور ان کے مواد کی مناسب ہینڈلنگ اور اسے ٹھکانے لگانے کے لیے ڈرموں کو ہٹانے کا موزوں منصوبہ تیار کیا جائے۔ ان دریافت شدہ ڈرموں سے اس مقام پر عوام کی صحت اور حفاظت کو کوئی فوری خطرہ لاحق نہیں ہے۔ DEC معلومات کے دستیاب ہونے کے ساتھ ہی ان بند ڈرموں کے آس پاس سے لیے گئے تصدیقی نمونوں کے حوالے سے ٹاؤن اور کمیونٹی کو اپ ڈیٹ کر دے گا۔ زمین کی گہرائی تک پہچنے والے ریڈار کا استعمال کرتے ہوئے مزید ٹیسٹنگ جاری ہے تاکہ اگر مزید ایسے ڈرم زمین کے اندر موجود ہوں تو انکی شناخت کی جائے اور ان سے نمٹنے کے اقدامات کیے جائیں۔ ان کوششوں کے بارے میں مزید معلومات DEC کیویب سائٹ پر ملاحظہ کریں۔

DEC نے Navy-Grumman کے زیر زمین پانی کی چھان بین، اسے قائم رکھنے اور اسے صاف کرنے کے لیے ریاست کی جاری کوششوں کے ایک جزو کے طور پر اویسٹر بے کے قصبے میں بیتھ پیج کمیونٹی پارک کی صفائی کے کاموں کی سخت نگرانی جاری رکھی ہوئی ہے۔ اس نگرانی کے نتیجے میں پہلے ہی پارک میں زیر زمین پانی کی نگرانی کے کنویں سمیت صفائی کی متعدد سرگرمیاں کامیابی سے مکمل کی جا چکی ہیں جن میں مٹی اور زیر زمین پانی سے ہزاروں پاؤنڈ آلودگیوں کو ہٹا دیا گیا ہے، ایک بلین گیلن سے زیادہ آلودہ زمینی پانی نکالا جا چکا ہے، آلودگیوں کا مزید آف سائٹ پھیلاؤ روکا جا چکا ہے، اور ان اقدامات سے Long Island Sole Source Aquifer سسٹم کی حفاظت ہو گئی ہے۔

بال فیلڈ کے جس علاقے میں صفائی کی کاروائیاں جاری ہیں وہاں ان دریافت شدہ ڈرموں سے عوام الناس کی صحت اور حفاظت کو کوئی خطرہ لاحق نہیں ہے۔ مزید برآں، 2009 کے بعد سے DEC نے لازمی قرار دیا ہوا ہے کہ پارک میں زمینی پانی کے کنٹینمنٹ سسٹم کا آپریشن مسلسل جاری رکھا جائے جس نے اپنے آغاز کے بعد سے 2,500 پاؤنڈ سے زیادہ غیر ممکنہ خطرناک مرکبات کو وہاں سے ہٹایا ہے۔ اس کنٹینمنٹ سسٹم نے Long Island Aquifer System اور نیچے کی سطح پر عوام کے لئے پانی کی فراہمی میں مسلسل منتقلی کی وجہ سے ہونے والی ہر مزید آلودگی کو مؤثر طریقے سے روکا ہے۔ اس کے علاوہ، 2009 سے جاری نگرانی سے یہ ظاہر ہوا ہے کہ پارک کے زیر زمین پانی کے معیار میں بہتری آرہی ہے، اور ٹاؤن آف اویسٹر بے کے رہائشی جو پانی پیتے ہیں وہ پینے کے پانی کے ریاستی اور وفاقی معیارات پر پورا اترتا ہے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں